بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد

مراسلہ نمبر: 1481۔ایس آر　　　　　　　　　　　　مورخہ: 10-12-2024

سرکلر

منجانب: سیکرٹری

بجانب: سربراہان تعلیمی ادارہ جات ملحقہ فیصل آباد بورڈ

عنوان: آن لائن رجسٹریشن/انرولمنٹ برائے نہم جماعت تعلیمی سیشن 26-2024 بمطابق ترمیم شدہ عمر کی حد۔

بحوالہ سرکلر نمبر 1456 مورخہ 18-04-2024 جملہ سربراہان ادارہ جات کی اطلاع کیلئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئر مین کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق جماعت نہم میں رجسٹریشن/انرولمنٹ کی بورڈ کی طرف سے مقرر کردہ 12 سال عمر کی حد میں دس ماہ کی رعایت (Relaxation) کے بعد نہم انرولمنٹ/ رجسٹریشن کی عمر کی حد 11 سال 2 ماہ مقرر کی گئی ہے۔ترمیم شدہ عمر کی حد (11 سال اور 2 ماہ) کے مطابق نہم کلاس تعلیمی سیشن 2024 تا 2026 کی انرولمنٹ کروانے کے خواہش مند طلباء/طالبات بوساطت ادارہ درج ذیل شیڈول کے مطابق کرواسکتے ہیں۔جس میں ٹوٹل رجسٹریشن فیس مبلغ -/2100 روپے فی طالب علم/ طالبہ مقرر کی گئی ہے (رجسٹریشن فیس -/1000، پروسیسنگ فیس مبلغ -/800 روپے اور سپورٹس/اسکالرشپ فیس 300 روپے)

سریل نمبر	شیڈول	آن لائن ڈیٹا انٹری، بینک میں فیس جمع کروانے کا آن لائن/ کمپیوٹرائزڈ اصل بینک چالان اور رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی جمع کروانے کی حتمی تاریخ
(i)	رجسٹریشن/انرولمنٹ برائے نہم جماعت (Class-IX) بغیر لیٹ فیس ترمیم شدہ عمر کی حد کے مطابق	12 دسمبر 2024 تا 20 دسمبر 2024

﴿ہدایات﴾

(i) درج بالا شیڈول کے بعد امیدوار کی رجسٹریشن/انرولمنٹ ریٹرن سابقہ جاری شیڈول نوٹیفکیشن نمبر 1456 مورخہ 18-04-2024 کے مطابق اصل مروجہ فیس اور یومیہ جرمانہ کے تحت وصول کی جائے گی۔جرمانہ میں کسی قسم کی کوئی رعایت نہیں دی جائے گی۔

(ii) باقی شرائط سرکلر نمبر 1456 مورخہ 18-04-2024 میں کسی قسم کی تبدیلی نہ ہوگی۔

(iii) واضح رہے کہ موجودہ شیڈول صرف ترمیم شدہ عمر کی حد کے ریگولر طلباء/طالبات کی سہولت کے پیش نظر جاری کیا گیا ہے مزید رہنمائی کیلئے دفتر ہذا کی رجسٹریشن برانچ سے رابطہ فرمائیں۔(041-2517721)

سیکرٹری